## یوم مئی حقوق کی جدوجہد میں لازوال قربانیاں پیش کرنے والے شہداء کی یاد دلاتا ہے
## حقوق کے حصول کیلئے محنت کش طبقے کو خود میدان عمل میں آنا ہوگا، یوم مئی پر الطاف حسین کا پیغام

لندن۔۔۔30، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ قوموں کی ترقی کیلئے محنت کش طبقہ کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا اور یوم مئی حقوق کی جدوجہد میں لازوال قربانیاں پیش کرنے والے شہداء کی یاد دلاتا ہے۔ محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث ملک کا محنت کش طبقہ نہ صرف بدحال ہے بلکہ اسے بنیادی حقوق سے بھی محروم رکھا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم محنت کشوں سمیت زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہوکر حقوق کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقہ کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے خود میدان عمل میں آنا ہوگا اور متحد ہوکر اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کرنا ہوگی اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور اپنی بقاء کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا۔

## ایم کیو ایم کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، الطاف حسین
## سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کی چودھویں برسی پر بیان

لندن۔۔۔30، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور انشاءاللہ ایم کیو ایم اپنے حق پرستانہ مشن ومقصد میں ضرور کامیاب ہوگی۔ عظیم احمد طارق شہید کی چودھویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہی آج ایم کیو ایم کا پیغام تیزی کے ساتھ ملک بھر کے عوام میں مقبول ہورہا ہے، ایم کیو ایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کا اثر اب زائل ہورہا ہے اور مختلف قومیتوں اور برادریوں حتیٰ کہ مذہبی اقلیتوں کے افراد بھی ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہوکر اپنے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے شہداء نے حقوق کی جدوجہد میں اپنے لہو سے جو چراغ روشن کئے ہیں انہیں بجھنے نہیں دیا جائے گا اور حقوق کے حصول تک جدوجہد پرامن اور ثابت قدمی سے جاری رکھی جائے گی۔

## ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے کارکن محمد اشفاق حاجانو کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم حیدرآباد زون سیکٹر A یونٹ 1/A کے کارن محمد اشفاق حاجانو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ (آمین)

## معذور بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے تعاون کرنا معاشرے کے ہر فرد کا انسانی ودینی فریضہ ہے۔ ڈاکٹر عمران فاروق
## متحدہ قومی موومنٹ اور حق پرست نمائندے معذور بچوں کی فلاح و بہبود میں ہر طرح کا تعاون کریں گے
## معذور بچوں کی فلاحی تنظیم دیوا اکیڈمی کے وفد سے بات چیت
## دیوا اکیڈمی معذور بچوں کیلئے یونیورسٹی قائم کرے گی جو معذور بچوں کیلئے دنیا میں قائم کی جانے والی پہلی یونیورسٹی ہوگی

لندن۔۔۔ 30 اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا ہے کہ معذور بچوں کی فلاح وبہبود اور انہیں معاشرے کا برابر کا شہری بنانے کیلئے تعاون کرنا معاشرے کے ہر فرد کا انسانی ودینی فرض ہے۔ انہوں نے یہ بات معذور بچوں کی فلاحی تنظیم دیوا اکیڈمی کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی جس نے اکیڈمی کے بانی صدر منیر احمد لودھی کی سربراہی میں ایم کیو ایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ان سے ملاقات کی۔ وفد میں سیکریٹری جنرل عاکف ندیم اور اکیڈمی کے ایگزیکٹو ممبر ثروت سعید بھی شامل تھے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد بھی موجود تھے۔ دیوا اکیڈمی کے صدر منیر احمد لودھی نے ڈاکٹر عمران فاروق کو اکیڈمی کی جانب سے پاکستان خصوصاً کراچی میں معذور بچوں کیلئے کی جانے والے فلاحی سرگرمیوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ دیوا اکیڈمی نے اپنی جاری فلاحی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ اب معذور بچوں کیلئے ایک یونیورسٹی قائم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جو معذور بچوں کیلئے دنیا میں قائم کی جانے والی پہلی یونیورسٹی ہوگی۔ ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے معذور بچوں کیلئے دیوا اکیڈمی کی فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات اور محدود وسائل میں رہتے ہوئے دیوا اکیڈمی نے معذور بچوں کی فلاح وبہبود اور انہیں معاشرے کا برابر کا شہری بنانے کیلئے

جوخدمات انجام دی ہیں اس پر متحدہ قومی موومنٹ ہی نہیں بلکہ پوری قوم زبردست خراج تحسین پیش کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر باشعوراوردردمند دل رکھنے والے پاکستانی کافرض ہے کہ وہ معذوربچوں کی فلاح وبہبود کیلئے دیوااکیڈمی کی کوششوں میں بھرپورتعاون کرے کیونکہ معذوربچوں کومعاشرے کابرابرکاشہری بنانے اورانہیں عام بچوں کی طرح معمولات زندگی گزارنے کیلئے تعاون کرنا ہمارا قومی،معاشرتی اورانسانی فریضہ ہی نہیں بلکہ دینی فریضہ بھی ہے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے دیوااکیڈمی کے وفدکویقین دلایا کہ متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے منتخب نمائندے معذوربچوں کی فلاح وبہبود کیلئے کی جانے والی کوششوں میں ہرممکن تعاون کیلئے نہ صرف تیار ہیں بلکہ ہم اس سلسلے میں ہرطرح کا تعاون کریں گے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے معاشرے کے تمام طبقوں خصوصاً مخیّر حضرات سے بھی اپیل کی کہ وہ بھی آگے آئیں اورمعذوربچوں کی فلاح وبہبود کے نیک کام میں دیوااکیڈمی کے ساتھ بھرپورتعاون کریں۔

## ایم کیوایم حیدرآبادزون کے کارکن محمداشفاق حاجانوانتقال کرگئے،رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔30،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآبادزون سیکٹرA کے کارکن محمداشفاق حاجانوعلالت کے انتقال کرگئے۔محمداشفاق مرحوم دل کے عارضے میں مبتلا تھے اوران کا گزشتہ دنوں بائی پاس ہوا تھا۔تاہم آپریشن کے دوسرے دن ان کی طبیعت بگڑگئی اوروہ انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر30برس تھی اوران کے سوگواران میں بیوہ اورایک 6ماہ کا بیٹا شامل ہے۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے محمداشفاق حاجانو کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلوحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## کراچی میں مقیم کشمیریوں کے مسائل کے حل کیلئے قائم کئے گئے کشمیرسینٹرنے باقاعدہ کام شروع کردیا
## کشمیرسینٹرکاپہلااجلاس یکم مئی کوسوسائٹی میں ہوگا

کراچی۔۔۔30،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کراچی میں مقیم کشمیریوں کے مسائل کے حل کیلئے قائم کئے گئے کشمیرسینٹرنے باقاعدہ کام شروع کردیا ہے۔اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ آزاد جموں وکشمیرکے زیراہتمام کشمیرسینٹرسوسائٹی نزدمسجداقصیٰ پارک میں ایک اجلاس یکم مئی کوشام سات بجے منعقدہوگا جس میں کراچی میں مقیم کشمیری کثیرتعدادمیں شرکت کریں گےاور اپنے مسائل سے اجلاس کوآگاہ کریں گے۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کےانچارج انورعالم مہمان خصوصی ہونگے۔

## ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی،سانگھڑاورحیدرآبادزون کےکارکنان سےرابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔30،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹیT.H.O یونٹ کراچی کے یونٹ انچارج ہمایوں آصف خان کے والدشفیع احمدخان،ایم کیوایم سانگھڑزون یونٹ 4/8 کی یونٹ کمیٹی کے رکن عامرکی ہمشیرہ محترمہ تہمینہ اورایم کیوایم حیدرآبادزون سیکٹرA کے کارکن عمرداراز کے بڑے بھائی محمدفیاض کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطافرمائے۔

## ایم کیوایم کےتحت ملک گیرسطح پرمتحدہ کلچرل اینڈلٹریری فورم کاقیام کردیاگیا
## محترمہ خوش بخت شجاعت کی نائن زیروپرپریس کانفرنس

کراچی۔۔۔30،اپریل2007ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ نے ملک بھرمیں ثقافتی،تہذیبی اورعلمی اقتدارکےفروغ،ملک بھرکےدانشوروں،شعراء،فنکاروں اہل علم حضرات میں متحدہ کے پیغام حق پرستی کےفروغ،ملک کےصوبوں اورعلاقوں میں ثقافتی،لسانی ہم آہنگی،پاکستان کی قومی زبان اورتمام علاقوں کی زبان کی ترویج،دانشوروں،اہل علم حضرات کےدرمیان مکالموں کےفروغ اوران کی فلاح وبہبود کیلئے ملک گیرسطح پر”متحدہ کلچرل اینڈلٹریری فورم“ کےقیام کااعلان کیا ہے۔اعلان کےمطابق متحدہ کلچرل اینڈلٹرل فورم کے چیف پیٹرن پروفیسرڈاکٹرفرمان فتح پوری، صدرمحترمہ خوش بخت شجاعت،نائب صدورفاطمہ ثریابجیا،حیدرعباس رضوی،سیدکمال،جنرل سیکریٹری عمرشریف،فنانس سیکریٹری اداکارسعوداورجوائنٹ سیکریٹری انوراقبال بلوچ ہونگے۔یہ اعلان پیرکےروزملک کی معروف کمپیئروایم کیوایم شعبہ خواتین کی رکن محترمہ خوش بخت شجاعت نےخورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سےخطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پروزیراعلیٰ سندھ کی مشیرمحترمہ فاطمہ ثریابجیا،عمرشریف،معروف فنکارسیدکمال،انوراقبال بلوچ اوراداکارسعودبھی موجودتھے۔پریس کانفرنس سےخطاب کرتےہوئےخوش بخت شجاعت نےکہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کی سماجی،ثقافتی اورتعلیمی صورتحال کوبہتربنانے کیلئے متحدہ قومی

موومنٹ جس طرح اثر انداز ہورہی ہے وہ سب کے سامنے ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ دنوں فیڈرل بی ایریا بلاک 13 میں ناصر عارف حسین میموریل لائبریری کا سنگ بنیاد بھی رکھا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کوملک کی موجودہ صورتحال میں اس بات کا مکمل اور شدت سے احساس ہے کہ ثقافت اور تہذیب کو کس طرح سنبھالا جائے اور فن کی ترقی اور فنکاروں کی بہبود کیلئے کام کیا جائے اور اس مقصد کیلئے ان کی سرپرستی میں ایک ایسا فورم تشکیل دیا جارہا ہے جو ملکی سطح پر کام کرے گا۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی محبّ وطن پاکستانی ہونے کی حیثیت سے جو سوچ ہے وہ یہ ہے کہ عوام کو ترقی پذیر معاشرے سے نکال کر ترقی یافتہ معاشرے سے ہم آہنگ کیا جائے اور اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں بہت سارے خواب پایہء تکمیل کو پہنچ چکے ہیں اور آج ایک ایسے ہی ایک اہم کام کی ابتداء کی جارہی ہے اور ملکی سطح پر تہذیب ،قلم اور صحافت کے فروغ کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی محبت ہے کہ انہوں نے ہمارے کندھوں پر یہ ذمہ داری ڈالی یہ ہمارے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے۔انہوں نے متحدہ کلچر اینڈ لٹریری فورم کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس فورم کے تحت ملک بھر میں ثقافتی ،تہذیبی اور علمی اقتدار کے فروغ کیلئے کام کیا جائے گا ،ملک بھر کے دانشوروں ،اہل علم حضرات اور شعراء میں متحدہ قومی موومنٹ کے پیغام کو فروغ دیا جائے گا ،ملک کے مختلف صوبوں اور علاقوں میں ثقافتی اور لسانی ہم آہنگی کیلئے کام کام کیا جائے گا ،پاکستان کی قومی اور تمام علاقائی زبانوں کی ترویج کیلئے کام ہوگا ،ملک کے دانشوروں اور اہل علم حضرات کے درمیان مکالموں کو فروغ دیا جائے گا اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا جائے گا۔

## صوبہ سرحد میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں پر جماعت اسلامی کی خاموشی معنٰی خیز ہے،ارکان قومی اسمبلی
## کراچی میں اسٹریٹ کرائمنر پرسندھ کی حکومت کوختم کرنے کا مطالبہ کرنے والے صوبہ سرحد میں امن وامان کی بدترین صورتحال پر کیوں خاموش ہیں؟

کراچی ۔۔۔30،اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ صوبہ سرحد میں دہشت گردی ،قتل وغارتگری اور بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں کے واقعات پر جماعت اسلامی کی خاموشی معنٰی خیز ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی والے دن رات کراچی میں اسٹریٹ کرائمنر کا واویلا مچا کر سندھ کی حکومت معطل کرنے اور سندھ میں گورنر راج کے نفاذ کے مطالبات کرتے رہے ہیں لیکن صوبہ سرحد کی حکومت میں شامل جماعت اسلامی کو صوبہ سرحد بم دھماکوں ،قتل وغارتگری ،بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں کے مسلسل واقعات دکھائی نہیں دیتے اور جماعتی لیڈران صوبہ سرحد میں امن وامان کی سنگین ترین صورتحال اور شہریوں کی جان و مال کے عدم تحفظ پر اپنے منہ میں تالے ڈالے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا گزشتہ دنوں صوبہ سرحد کے شہر ڈیرہ اسمٰعیل خان میں فرقہ وارانہ فسادات ،چارسدہ میں بم دھماکے میں درجنوں شہریوں کی ہلاکت پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی خاموشی معنٰی خیز ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبہ سرحد میں دہشت گردی اور قتل وغارتگری کے واقعات میں جماعت اسلامی ملوث ہے۔انہوں نے مزید کہا جماعتی لیڈران کراچی میں اسٹریٹ کرائمنر کی وارداتوں پر تو سندھ کی حکومت کے خاتمے اور سندھ میں گورنر راج کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہیں لیکن ان کی جانب سے صوبہ سرحد میں قتل وغارتگری ،دہشت گردی اور خودکش حملوں کے واقعات پر سانپ سونگھ گیا ہے اور ان کی جانب سے صوبہ سرحد میں امن وامان کی ناکامی پر سرحد حکومت کے خاتمے اور وہاں گورنر راج کے نفاذ کا مطالبہ نہ کرنا اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ سندھ حکومت کے خاتمے کا مطالبہ کرنا جماعت اسلامی کی ازلی کراچی دشمنی کا کھلا مظاہرہ ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائمنر پر سندھ کی حکومت کو ختم کرنے کا مطالبہ کرنے والے جماعتی لیڈران صوبہ سرحد میں امن وامان کی بدترین صورتحال اور بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں کے واقعات پر کیوں خاموش ہیں؟

## وفاقی وزیر صفوان اللہ کی چارسدہ میں خودکش حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے ملاقات
## لیڈی ریڈنگ اسپتال پشاور میں خودکش حملے میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کی

چارسدہ۔۔۔30،اپریل 2007ء

حق پرست وفاقی وزیر سید صفوان اللہ نے چارسدہ میں خودکش حملے میں جاں بحق افراد کے گھر جاکر سوگواران سے تعزیت کی اور اسپتال کا دورہ کرکے حملے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبہ سرحد کی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج زبیر انجم ،اراکین اصغر شاہ ،سید شوکت شاہ ،فضل عظیم اور رحمت علی بھی ان کے ہمراہ تھے۔حق پرست وفاقی وزیر سید صفوان اللہ نے چارسدہ میں خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے گھروں پر جاکر سوگواران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کی اور ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے جاں بحق افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔دریں اثناء سید صفوان اللہ اور ایم کیوایم صوبہ سرحد کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے لیڈی ریڈنگ اسپتال پشاور میں زیر علاج بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی ۔انہوں نے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔بعدازاں انہوں نے پیپلز پارٹی شیرپاؤ گروپ سے تعلق رکھنے والے رکن سرحد اسمبلی ارشد خان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور ان کی عیادت کی جو کہ چارسدہ میں ہونے والے خودکش بم دھماکے میں زخمی ہوگئے تھے۔صفوان اللہ نے چارسدہ میں خودکش بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کو قتل کررہے ہیں وہ انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہوسکتے۔انہوں نے رکن صوبائی اسمبلی ارشد خان کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆